5421-نصرانی کا اہتمام اسلام

سوال

میں سکول میں فی الحال اسلام کا مطالعہ کررہاہوں جس کی بنا پرمیں دین اسلام کا اہتمام بھی کرنے لگا ہوں مجھے علم نہیں کا آپ کا میرے لیے تعاون کرنا ممکن ہے کہ نہیں ؟
اگر ممکن ہے توپھر آپ مجھے ای میل کے ذریعہ دین اسلام کے بارہ میں اپنی آراء سے نوازیں ، اوران اسباب کو بھی بیان کریں جو حتمی طورپر دخول اسلام کا سبب بنتے ہیں ۔
مجھے اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ کے پاس بہت سے ایسے سوالات ساری دنیا کے مسلمانوں کی جانب سے آتے ہیں میں آپ کا بہت ہی احسان مند رہوں گا کہ اگرآپ میرے لیے بھی کچھ وقت نکال کرای میل سے نوازیں گے ۔

پسندیدہ جواب

ہم آپ کے مشکورہیں کہ آپ نے ایک بہت ہی اچھی ای میل کی جس میں آپ نے کچھ مطالبہ کیا ہے جسے بڑی خوشی کے قبول کرتے ہوئے اس سے بھی زیادہ خوشی کے ساتھ آپ کوجواب ارسال کرتے ہیں ۔

ہمیں ذاتی طورپربہت خوشی ہوی کہ آپ دین اسلام کی طرف مائل ہوئے ہیں اوراسلام کا اہتمام کررہے ہیں ، ہم آپ سے صرف اتنا کہیں گے کہ اگرآپ دین اسلام اورباقی ادیان کا آپس میں موازنہ اورمقارنہ کریں گے توآپ کودین اسلام کی فوقیت کا علم ہوگا کہ دین اسلام ہی ایک ایسا دین ہے جوباقی سب ادیان پرغالب واعلی ہے ۔

دین اسلام کی پختگی اوراس کی اصحت اورتغیر وتبدل سے محفوظ اورجوکچھ بھی اسلام کے متعلق آیا ہے اس کا بالکل اسی طرح صحیح طورپر موجودہونا اوردین اسلام کے جتنے بھی احکام ہیں وہ سب کے سب عدل وانصاف پرمبنی ہیں ۔

ہماری آپ سے گزارش ہے کہ آپ ان سوالوں کے جوابات کا بغور مطالعہ کریں (219اور3143) ان شاء اللہ آپ پربہت کچھ واضح ہوگا

تواس طرح دین اسلام کی یہ فوقیت ہے دین اسلام کے قبول کرنے اوردین اسلام میں داخل ہونے کے لیے کافی ہے ، تواب آپ بتائیں کہ جب یہ دین اسلام باقی سب ادیان کا ناسخ بھی ہواورپھر اللہ تعالی اپنے بندوں سے دین اسلام کے علاوہ کوئی اوردین بھی قبول نہ کرے توپھر اس اہمیت کیا ہوگی ؟

جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی نے انسانوں پراپنی آخری کتاب نازل کرکے اس میں یہ فرمان نازل فرمادیا :

{اورجوبھی دین اسلام کے علاوہ کوئی اوردین تلاش کرے گا اللہ تعالی اس کے اس دین کوقبول نہیں فرمائے گا اوروہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا}. آل عمران (85) ۔

آپ سے گزارش ہے کہ اس موضوع پرمزید تفصیل کے لیے آپ مندرجہ ذیل سوال نمبروں کے جوابات کا مطالعہ کریں :

(4524)اور(6389)اور(2585)اور(4319)۔

ہم ہروقت آپ کواپنی اس ویب سائٹ پرایک سائل بن مستفید ہونے والے کے ناطے سے اوراس کے صفحات کوپڑھنے کی اعتبار سے خوش آمدید اورمرحبا کہتے ہیں ۔

واللہ اعلم.